Roll No.

SET / सेट : B

Serial Number

# 102509-U

Total Printed Pages : 12

Total Questions : 23

Time : 3 Hours

Maximum Marks : 75

हाईस्कूल मुख्य परीक्षा वर्ष - 2025

High School Examination (Main) - 2025

# اردو
# URDU

ہدایات : (i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(ii) املا اور خوش خطی کا خاص خیال رکھیں۔

(iii) یا کرکے دیے گیے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے سوال نمبر 5 تک معروضی سوالات درج ہیں۔

(v) سوال نمبر 6 سے سوال نمبر 17 تک ہر سوال پر دو نمبر مقرر ہیں۔

(vi) سوال نمبر 18 سے سوال نمبر 20 تک ہر سوال پر تین نمبر مقرر ہیں۔

(vii) سوال نمبر 21 سے سوال نمبر 23 تک ہر سوال پر چار نمبر مقرر ہیں۔

6

1 صحیح یا غلط (✓،×) الفاظ کی نشاندہی کیجیے۔

(الف) فانیؔ کے آخری ایام عیش و عشرت میں گذرے۔ ( )

(ب) سرسید احمد کے رسالے کا نام تہذیب الاخلاق ہے۔ ( )

(ج) کلام میں کسی چیز کو کسی دوسری چیز سے مثال دینا تلمیح کہلاتا ہے؟ ( )

(د) غزل کے معنی لڑی میں موتی پرونا ہے۔ ( )

(ح) گاندھی جی کو ہر وقت چوروں، بھوتوں اور سانپوں کا ڈر لگا رہتا تھا: ( )

(و) میر انیسؔ عربی و فارسی میں اچھی دستگاہ رکھتے تھے۔ ( )

6

2 صحیح جوڑی بنائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| (الف) مقدمہ شعر و شاعری | - | افسانہ |
| (ب) اپنا الو سیدھا کرنا | - | مشینیں |
| (ج) مخلوط زبان | - | متضاد الفاظ |
| (د) جنگ و امن | - | محاورہ |
| (ح) مختصر کہانی | - | الطاف حسین حالیؔ |
| (و) صنعتی انقلاب | - | مولوی عبدالحق |
| | - | ہم معنی الفاظ |

3 ایک جملے میں جواب دیجیے۔ 6

(الف) شاعر نے کس چیز پر فخر کرنے کو منع کیا ہے؟

(ب) سعادت حسن منٹو کے پہلے افسانے کا نام لکھیے۔

(ج) بھاگوتی نے اپنے گھر میں کن دو عورتوں کو پناہ دی تھی؟

(د) اکبر شاہ سرسید کی کس بات سے خوش ہوئے؟

(ح) بھولا کے ماموں کیوں آ رہے تھے؟

(و) علامہ اقبال کو حکومت برطانیہ نے کون سا خطاب عطا کیا؟

4 صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 6

(الف) ڈرامے کو زندگی کی نقالی کہا ہے:

(i) سقراط نے (ii) ارسطو نے

(iii) آغا حشر نے (iv) امتیاز علی تاج نے

(ب) رام سہائے مل اور بھاگوتی کے کردار تعلق رکھتے ہیں:

(i) انارکلی سے (ii) رادھا کنھیا سے

(iii) اندر سبھا سے (iv) آزمائش سے

P.T.O.

(ج) چوری اور اس کا کفارہ آپ بیتی ہے :

(i) نہرو جی کی (ii) لال بہادر شاستری کی

(iii) گاندھی جی کی (iv) ابوالکلام آزاد کی

(د) کارخانوں اور مشینوں کے دھوئیں نے زہریلا کر دیا :

(i) ہوا کو (ii) پانی کو

(iii) درختوں کو (iv) فصلوں کو

(ح) منگو کوچوان اپنے اڈے میں سمجھا جاتا تھا :

(i) بے وقوف (ii) عقلمند

(iii) جاہل (iv) نوکر

(و) بلندی، پستی الفاظ ہیں :

(i) ہم معنی الفاظ (ii) واحد / جمع الفاظ

(iii) متضاد الفاظ (iv) سابقہ الفاظ

mpcareer.in

5 خالی جگہ مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔ 6

(الف) خدا سے .......... نے اک روز یہ سوال کیا۔ (حسن، عقل)

(ب) عام طور پر رباعی کا .......... مصرعہ بہت زوردار ہوتا ہے۔ (دوسرا، چوتھا)

(ج) او .......... سے آنے والے بتا۔ (دیس، وطن)

(د) مسلمان قانون میں عورتوں کو مردوں کے برابر ..........

تسلیم کیے گئے ہیں۔ (حقوق، آزادی)

(ح) نظم .......... زبان کا لفظ ہے۔ (فارسی، عربی)

(و) جس نظم کے تمام مصرعے برابر ہوں .......... نظم کہلاتی ہے۔ (پابند، آزاد)

6 درج بالا بند کی تشریح کیجیے۔ 2

7 تلمیح کی تعریف لکھیے۔ 2

یا

درج ذیل الفاظ کے واحد/ جمع الفاظ بنائیے۔ (کوئی چار)

مساجد، قسم، فائدہ، آفت، تکلیف، کتاب، طرف

8 ہم معنی الفاظ کسے کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھیے۔ 2

یا

درج ذیل الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیے۔ (کوئی چار)

نفع، خوبی، ذلت، عالم، بلند، موت، نیکی

P.T.O.

9 تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھیے۔ 2

یا

درج ذیل محاوروں میں سے کن ہی دو محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے :

کان بھرنا، دانتوں تلے انگلی دبانا، عید کا چاند ہونا، منہ میں پانی بھر آنا

10 بھولا کو گھر میں نہ پا کر مایا کی کیا کیفیت ہوئی؟ 2

یا

مہذب قوموں میں عورتوں کے لیے کیسا قانون تھا؟

11 سرسید نے دیر سے آنے کی کیا وجہ بتائی؟ 2

یا

انسان کے اردگرد اس کے اہم ساتھی کون ہیں؟

12 سرسید نے علی گڑھ میں کون سا کالج قائم کیا؟ 2

یا

گاندھی جی کا اعتراف نامہ پڑھ کر ان کے والد پر کیا اثر ہوا؟

mpcareer.in

13 درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی سلیس اردو کیجیے۔ 2

(الف) ''اس سے ان کا اطمینان تو نہیں ہوا مگر انہوں نے میری توجیہ مان لی اور مجھے میری راہ چلنے دیا۔ آگے چل کر مجھے معلوم ہوا کہ میرا اندازہ غلط تھا۔ جو شخص کسی کی اصلاح کرنا چاہتا ہے وہ اس کے ساتھ شیر و شکر ہو کر نہیں رہ سکتا۔''

یا

''مایا بیوہ تھی اور سماج اسے اچھے کپڑے پہننے اور خوشی کی بات میں حصّہ لینے سے بھی روکتا تھا۔ میں نے بارہا مایا کو اچھے کپڑے پہننے، ہنسنے، کھیلنے کی تلقین کرتے ہوئے سماج کی پرواہ نہ کرنے کے لیے کہا تھا۔ مگر مایا نے از خود اپنے آپ کو سماج کے روح فرسا احکام کے تابع کر لیا تھا۔

https://www.mpboardonline.com

14 خدا اور حسن کے درمیان گفتگو کی خبر زمین کے باسیوں کو کس طرح ہوئی؟ 2

یا

شاخوں کے حریری پردوں میں نغموں کے خزانے کون کھولتا ہے؟

1 دل میں فروتنی کو جا دینے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ 2

یا

پھول، کلی، موسمِ بہار اور شباب کو شاعر نے سوگوار کیوں کہا ہے؟

بستی بسنا کھیل نہیں بستے بستے بستی ہے

(ب) ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ

ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

(ج) ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

تعبیر ہے جس کی حسرت و غم، اے ہم نفسو! وہ خواب ہیں ہم

نوٹ : درج ذیل بند کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جواب دیجیے۔

کیا اب بھی وہاں کے باغوں میں

مستانہ ہوائیں آتی ہیں

کیا اب بھی وہاں کے پربت پر

گھنگھور گھٹائیں چھاتی ہیں

کیا اب بھی وہاں کی برکھائیں

ویسے ہی دلوں کو بھاتی ہیں

17 درج بالا بند کے شاعر کا نام اور نظم کا نام لکھیے۔ 2

18 درج ذیل شعری اصناف پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

(i) غزل

(ii) رباعی

(iii) نظم

افسانہ، سوانح، ڈرامہ

20 درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات لکھیے۔ 3

(i) راجندر سنگھ بیدی

(ii) مولوی عبدالحق

(iii) سرسید احمد خاں

21 درج ذیل غیر درسی عبارت پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4

آگرہ میں دریائے جمنا کے کنارے تاج محل کی عمارت واقع ہے۔ اسے مغل بادشاہ شاہجہاں نے اپنی بیگم ممتاز محل کی یاد میں بنوایا تھا۔ اٹلی کے انجینئر نے اس کا نقشہ تیار کیا۔ یہ عمارت سفید سنگ مرمر کے پتھروں سے بنائی گئی ہے۔ 22 ہزار مزدوروں نے 22 سال تک اس میں کام کر کے یہ عمارت مکمل کی۔ جو دُنیا کے سات عجوبوں میں شامل کی گئی ہے۔

(i) تاج محل کہاں واقع ہے؟

(ii) اس کی تعمیر کس بادشاہ نے کروائی تھی؟

(iii) تاج محل کا نقشہ کس نے تیار کیا تھا؟

(iv) یہ عمارت کتنے سال میں مکمل ہوئی؟

22 اپنے پرنسپل کو ٹی سی نکلوانے کے لیے درخواست لکھیے۔

یا

اپنے بڑے بھائی کو اپنی پڑھائی کی اطلاع دیتے ہوئے خط لکھیے۔

23 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(i) تاریخی عمارت

(ii) سائنس کے کرشمے

(iii) قومی رہنما

(iv) ماحول کی آلودگی

mpcareer.in